# نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

## 21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

**Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com**
**www.facebook.com/AgriDepartment**

# پریس ریلیز

**صوبہ پنجاب میں کپاس کی بحالی اور ترویج کیلئے کپاس کے پیداواری مقابلہ 2023-24 کا انعقاد۔**

**کاشتکاروں سے درخواستیں مطلوب**

**کپاس کے کاشتکاروں کی حوصلہ افزائی کے لئے کروڑوں روپے کے نقد انعام دیئے جائیں گے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب**

لاہور **03 مئی 2023**: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے کہا ہے کہ صوبہ پنجاب میں کپاس کی بحالی اور ترویج کے لئے پیداواری مقابلہ 2023-24 کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔**کپاس کے پیداواری مقابلہ میں صوبہ پنجاب میں زیادہ پیداوار حاصل کرنے والے کاشتکار کے لئے 15 لاکھ روپے جبکہ ضلع میں زیادہ پیداوار حاصل کرنے والے کاشتکاروں کے لئے 8 لاکھ روپے نقد انعام دیئے جائیں گے۔**اس پیداواری مقابلہ کا مقصد کاشتکاروں کے مابین صحت مندانہ مسابقت کا جذبہ پیدا کرنا ہے۔اس مقابلہ کیلئے کم سے کم 5 ایکڑ تک کپاس کاشت کرنے والے مرد و خواتین کاشتکار درخواست دینے کے اہل ہوں گے۔مقابلہ میں حصہ لینے کے لیے شرائط درخواست فارم پر درج ہیں جو متعلقہ اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت (توسیع) اور زراعت آفیسر (توسیع) کے دفاتر سے مفت حاصل کیے جا سکتے ہیں۔اس کے علاوہ درخواست فارم محکمہ زراعت پنجاب کی ویب سائٹ **www.agripunjab.gov.pk** سے بھی ڈاؤن لوڈ کیے جا سکتے ہیں۔فارم کی فوٹو کاپی بھی قابل قبول ہوگی۔فارم پر پیداواری مقابلہ کیلئے شرائط درج ہیں۔پیداواری مقابلوں میں منتخب کردہ پلاٹوں کی جانچ پڑتال ڈویژنل کمیٹی کرے گی۔کاشتکار مکمل درخواستیں اپنی تحصیل کے متعلقہ اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت (توسیع) کے دفاتر میں **31 جولائی 2023** تک جمع کروائیں۔مزید معلومات ورہنمائی کے لیے کاشتکار بروز سوموار تا جمعہ دفتری اوقات میں زرعی ہیلپ لائن **0800-17000** پر کال کر کے معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

☆☆☆☆